۷۸۶

موضوع:

اردو کی ادبی تاریخوں کا مجمل تعارف

مقالہ

برائے ایم فل

پیش کردہ: سید ہلال حسین

نگراں: ڈاکٹر محمد انصار اللہ

شعبۂ اردو علی گڑھ، مسلم یونیورسٹی

علی گڑھ

۱۹۸۷ء

۷۸۶

فہرست

پیش لفظ

ہمارے خیال میں کسی کتاب کا تاریخ ہونا یا نہ ہونا اس پر منحصر ہے کہ واقعات اس طرح بیان کیے گیے ہوں کہ اُن میں تسلسل اور ربط بھی ہو اور ارتقا کا بھی پتہ چلے۔ اور واقعات کی تقسیم بہ اعتبار زمانہ ہو اور مختلف ادوار بھی قایم کیے گیے ہوں۔

کبھی کبھی ارتقا کا عمل وسعت مکانی کی صورت میں بھی ہوتا ہے چنانچہ اُن کتابوں کو بھی ہم نے تاریخ مان لیا ہے جن میں واقعات کی مکانی اور علاقائی تقسیم کی گئی ہے۔

اسی طرح میلانات، رجحانات اور تحریکات وغیرہ کے ارتقا کے لحاظ سے بھی بعض کتابیں لکھی گئی ہیں اُن کو بھی ہم نے تاریخ ہی کی ذیل میں مانا ہے۔

اس میں ایسی کتابوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ جو اگرچہ مختلف اہل قلم کے مضامین کے مجموعے ہیں لیکن اُن مجموعوں کو اس طرح مرتب کر دیا گیا کہ وہ ایک مربوط تاریخی کتاب کی حیثیت اختیار کر گیے ہیں جیسے "علی گڑھ تاریخ ادب اردو"

ہم نے ان کتابوں کو اس فہرست میں شامل نہیں کیا ہے۔ جو اپنے نام سے اگرچہ بظاہر تاریخ معلوم ہوتی ہیں لیکن دراصل ان میں ارتقا کی کیفیت کا بیان نہیں ہوا ہے۔ اور وہ تاریخ کے زمرہ میں نہیں آتیں۔

اس مقالے میں اس بات کی پوری دیانت داری کے ساتھ کوشش کی گئی ہے کہ ہر کتاب کے بارے میں بہتر سے بہتر معلومات فراہم کر دیں اور اس سلسلہ میں

درج ذیل اطلاعات قلمبند کر دینے کا اہتمام کیا ہے۔

نام کتاب،
مصنف / ناشر
ضخامت۔
سال تصنیف
مشمولات

اور ان کے علاوہ اگر اور کوئی بات بھی قابل ذکر معلوم ہوئی ہے تو اسے بھی تحریر کر دیا گیا ہے۔

راقم کو اس بات کا احساس ہے کہ اس کام کا تقاضا یہ تھا کہ مختلف کتابوں کے مصنفین کے بارے میں بعض ضروری باتیں تحریر کی جاتیں لیکن اس صورت میں کام کے بہت زیادہ پھیل جانے کا اندیشہ تھا۔

بعض کتابیں بالکل دستیاب نہیں ہو سکی ہیں ہمارے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ ان کے بارے میں ہم مختلف اشاعتی اداروں کی طرف سے چھپنے والی فہرستوں پر ہی اعتماد کر لیں اور جس قدر اطلاعات بھی ان فہرستوں سے ملیں صرف انھیں پر اکتفا کریں۔

بعض کتابوں کے ہمیں تمام ایڈیشن نہیں مل سکے ہیں ایسی صورت میں اگر ہمیں بعد کا کوئی ایڈیشن مل گیا ہے مثلاً تیسرا، چوتھا تو یہ بات متعین ہو جاتی ہے کہ وہ کتاب اس سے پہلے بھی دو یا تین بار چھپ چکی ہو گی۔ لیکن اگر صرف پہلا ایڈیشن ملا ہے تو ہمارے لیے یہ بتانا ممکن نہیں ہوا ہے کہ وہ کتاب بعد میں

بھی کبھی چھپی ہے یا نہیں۔

کچھ کتابیں ایسی بھی ہیں جن کا صرف نام سننے میں آیا لیکن ان کے بارے میں ہمیں کوئی بات معلوم نہ ہو سکی۔ ایسی کتابوں کی ایک مجمل سی فہرست ہم یہاں شامل کر رہے ہیں ظاہر ہے کہ محض ناموں کی بنیاد پر ان کے بارے میں کوئی رائے قائم نہیں کی جا سکتی۔

ہمیں جو کتابیں مولانا ابوالکلام آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، علی گڑھ سے دستیاب ہوئی ہیں ان کے ساتھ کیٹیلاگ نمبر بھی دے دیے گئے ہیں تاکہ ان کتابوں کو آسانی کے ساتھ دیکھا جا سکے۔

ہم نے اس مقالے کو چھ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔

پہلا باب: ۔ اردو ادب کی عام تاریخیں۔

دوسرا باب: ۔ اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار علاقہ۔

تیسرا باب: ۔ اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار ادوار۔

چوتھا باب: ۔ اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار اصناف۔

پانچواں باب: ۔ اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار تحریکات، میلانات اور رجحانات

چھٹا باب: ۔ اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار اقوام، ادارہ و طبقات

آخر میں صدر شعبۂ اردو پروفیسر قاضی عبدالستار علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور نگراں کار ڈاکٹر محمد انصار اللہ کا شکر گزار ہوں

ان کی قدم قدم پر رہنمائی نے تحصیل علم کا جذبہ پیدا کر کے میری صلاحیتوں کو جلا دی۔

سید ہلال حسین
شعبۂ اردو علی گڑھ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

پہلا باب

اردو ادب کی عام تاریخیں

اردو ادب کی عام تاریخیں

تاریخ اور تذکرے کے فرق کا بیان کرتے ہوئے مولوی کریم الدین پانی پتی نے لکھا ہے "واضح ہو کہ تاریخ اس کو کہتے ہیں جس میں واقعات یا حالات زمانہ اس طور پر لکھے جائیں کہ اس سے معلوم ہو سکے کہ فلاں نے زمانہ میں یہ حادثہ یا واقعہ گزرا۔ برخلاف تذکرہ کہ اس میں خاص ایک قسم کے لوگوں کا حال لکھا جاتا ہے۔ مثلاً تذکرہ شعرا یا تذکرہ انبیاء یا تذکرہ اولیاوغیرہ۔ اس سے معلوم ہوا کہ تذکرہ خاص ہے اور تاریخ عام کہ وہ تذکروں کو بھی مشتمل ہوتی ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ تذکرہ ایک قسم کی تاریخ ہے۔ بشرطیکہ اس میں ہر ایک شخص کے زمانے کا بھی حوالہ ہو۔ اور اگر صرف حال ہے اور تاریخ کسی کی دریافت نہ ہو سکتی ہو اور نہ مصنف کے بیان سے واضح ہو کہ کس زمانے کا حال بیان کرتا ہے تو اس صورت میں نسبت تضاد کی ہوگی۔ غرض کہ تاریخ میں بحث واقعات زمانہ سے ہوتی ہے اور تذکرہ میں اشخاص کا بیان ہوتا ہے۔ یہ خلاصہ اس بیان کا ہے جس کی تفصیل کے واسطے تطویل درکار ہے۔"

تاریخ نویسی کا رجحان سب سے پہلے حمید کے تذکرے گلشن گفتار (۱۱۶۵ھ مطابق ۱۷۵۱ء) میں ملتا ہے۔ ان کے بعد شیخ محمد قایم قایم چاندپوری کا تالیف کیا ہوا تذکرہ مخزن نکات (۱۱۶۸ھ مطابق ۱۷۵۳ء) ہمارے سامنے آتا ہے اس میں انھوں نے اردو شاعری کی تاریخ کے تین دور قایم کیے ہیں۔ متقدمین، متوسطین اور متاخرین۔ اس تقسیم کو میر حسن نے اپنے "تذکرہ شعرائے اردو" میں باقی رکھا۔ اور پھر مولوی کریم الدین نے اپنے

"تذکرہ طبقات شعرائے ہند" میں اپنے زمانہ کے اعتبار سے ایک چوتھے دور کا اضافہ کیا۔ اور اس میں تاریخ کا انداز پیدا کرنے کی کوشش کی۔ انھوں نے تاریخ اور تذکرے کے فرق کو نہ صرف محسوس کیا بلکہ اس کو کسی قدر واضح جملوں میں قلمبند بھی کر دیا تھا۔ اس کے باوجود ان کی کتاب تذکرے کی حدوں سے آگے نہ بڑھ سکی۔ اس میں مختلف شاعروں اور نثر نگاروں کے حالات ملتے ہیں اور بعض شاعروں کے ذکر میں تاریخی تسلسل کی صورت واضح طور پر سامنے نہیں آتی لہٰذا ایک شاعر کے ذکر کو پڑھنے کے بعد یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ اس وقت تک اردو زبان و ادب میں کس قسم کے اضافے ہوئے اور اس کے بعد ارتقا کی صورت کیا تھی۔ یہ کام مولانا محمد حسین آزاد نے اپنی کتاب حیات میں کیا ہے۔ آب حیات اگرچہ بنیادی طور پر اردو شاعروں کا تذکرہ ہے لیکن اس میں اردو زبان کے وجود میں آنے اور عہد بہ عہد ترقی کرنے کا ذکر ملتا ہے۔ آزاد نے اپنی اس کتاب میں پانچ ادوار قایم کیے ہیں اور غدر تک کی تاریخ لکھنے کی کوشش کی ہے۔ ہر دور میں زبان کی کیفیت کا بیان کیا ہے اور یہ بتایا ہے اس وقت اس میں کس قسم کے اضافے ہوئے۔ اس کتاب کی مختلف النوع خامیوں کے باوجود مورخین عام طور سے اس میں قایم کیے گئے ادوار کو بجنسہٖ قبول کرتے آ رہے ہیں۔ چنانچہ علی گڑھ تاریخ ادب اردو کے پلین میں جو تقسیم شائع ہوئی تھی اس میں بھی کم و بیش یہی صورت دیکھی جا سکتی ہے۔

حکیم شمس اللہ قادری نے آب حیات کے بعد تاریخ زبان اردو یعنی اردوئے قدیم لکھی۔ اس میں بقول مولف عربی، فارسی، اردو، انگریزی، فرانسیسی اور جرمنی وغیرہ کی مشہور مستند کتابوں سے اخذ و استفادہ کیا گیا تھا۔ اس کتاب میں زبان اردو اور اس کی نظم و نثر کی مفصل تاریخ، عہد بہ عہد ترقیوں کا

تذکرہ ابتدائی دور سے بارھویں صدی ہجری کے نصف اوّل تک حالات ہیں
اور قدیم شعرا اور مصنفین کے معتبر حالات بھی بیان کیے گئے ہیں۔

انگریزوں کی تعلیم کے لیے انگریزی زبان میں ایک مختصر سی اردو ادب
کی تاریخ رام بابو سکسینہ نے لکھی تھی۔ اس کو اردو داں طبقے کے لیے بھی مفید پاکر
حسن عسکری نے اردو زبان میں ترجمہ کر دیا۔ اس میں شبہ نہیں ہے کہ حسن عسکری
کے ترجمے کے وقت تک یہ اردو ادب کے ارتقا پر مشتمل ایک قابل قدر کتاب کا حکم
رکھتی تھی لیکن آج یہ کتاب بھی محض ایک مقررہ زمانے تک کی تاریخ کی حیثیت رکھتی ہے۔
حالانکہ اس کتاب نے طالب علموں کی ایک بڑی ضرورت کو پورا کیا تھا۔ اس کے بعد یہ خیال
عام ہوا کہ اردو کی نصابی ضرورتوں کے مطابق اردو زبان و ادب کی تاریخ لکھی جائے۔
اس کام کو سب سے پہلے غالباً ڈاکٹر اعجاز حسین نے کیا۔ ان کی کتاب کو جو مقبولیت حاصل
ہوئی اس سے متاثر ہو کر مختلف وقتوں میں مختلف لوگوں نے مختلف درجات کے
نصابوں کو سامنے رکھ کر اپنے اپنے طور پر تاریخیں لکھیں۔ ان میں سے خاص قابل ذکر
کتابیں یہ ہیں۔

"تنویر ادب" مولفہ صغیر احمد جان، "اردو ادب کی تاریخ" مولفہ نسیم قریشی، اور
"اردو ادب کی تاریخ" مولفہ عظیم الحق جنیدی۔

اردو میں زمانی اور مکانی ارتقا کو مدنظر رکھتے ہوئے بھی کتابیں لکھی گئی
ہیں۔ ہمارے خیال میں سب سے پہلی کتاب ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ نے "تاریخ
اردو ادب" کے نام سے لکھی اس کے بعد لکھی جانے والی اہم اور قابل ذکر کتابیں اس
طرح ہیں۔

"اردو کی ادبی تاریخ" مولفہ پروفیسر عبدالقادر سروری "اور تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند" مرتبہ پنجاب یونیورسٹی پاکستان اور "تاریخ اقلیم ادب" پہلا اور دوسرا حصّہ مولفہ ڈاکٹر محمد انصار اللہؒ۔

ڈاکٹر جمیل جالبی نے اردو ادب کی تاریخ کو ایک نیا موڑ دینے کی کوشش کی ہے ان کا کہنا ہے کہ انھوں نے اپنی تمام تاریخ میں تمدنی، فکری تخلیقی امتزاج کے ساتھ تنقیدی، تہذیبی، لسانی اور سوانحی مباحث کو پیش کیا ہے۔ ان کی "تاریخ ادب اردو" کی دو جلدیں اب تک شائع ہو چکی ہیں۔

اس مذکور سے یہ بات بخوبی ظاہر ہے کہ اردو کی ادبی اور لسانی تاریخ مختلف انداز سے لکھنے کی کوششیں کی گئی ہیں اور کام کے انداز کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوششوں کا سلسلہ جاری ہے۔

اردو ادب کی عام تاریخیں

نام کتاب: آب حیات

مصنف: شمس العلماء پروفیسر محمد حسین آزاد دہلوی

ناشر: رام نرائن لال بینی مادھو پبلشرز و بک سیلر ۲ کٹرہ روڈ الہ آباد

پہلا ایڈیشن ۱۸۸۰ء / ۱۲۹۷ھ

جدید ایڈیشن: ۱۹۷۶ء

مطبوعہ: نیشنل آرٹ پرنٹرس ۱۷ سرائے گڑھی الہ آباد ۳

صفحات: ۵۵۲

یہ کتاب پہلی بار ۱۸۸۰ء میں وکٹوریہ پریس لاہور سے طبع ہو کر منظر عام پر آئی۔ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ۱۸۸۳ء / ۱۳۰۰ھ میں طبع ہوا۔ اس ایڈیشن میں پہلے ایڈیشن کے مقابلہ میں کافی اضافے کئے گئے۔ میر ضاحک کا حال اور ان سے سودا کی معرکہ آرائی سودا کے ضمن میں بیان کی گئی۔ میر حسن کا حال طبع اوّل میں نہیں تھا طبع ثانی میں اضافہ کیا گیا۔ رانی کیتکی کی کہانی کا نمونہ بھی اس ایڈیشن میں شامل کیا گیا۔ اسی طرح سے میر مستحسن خلیق، مومن، میرزا دبیر اور انیس کے حالات بھی شامل کئے گئے۔ الغرض اس کتاب کے متعدد ایڈیشن مختلف مطبعوں سے شائع ہو چکے ہیں۔ آب حیات کا موجودہ ایڈیشن اسی طبع ثانی کا عکس ہے۔ یو پی اردو اکاڈمی لکھنؤ نے ۱۹۸۲ء میں اس کتاب کے ۱۹۰۷ء کے نولکشور ایڈیشن کا عکس شائع کر دیا ہے۔

اس کتاب کے شروع میں زبان اردو کی ابتدا، فارسی اور

برج بھاشا کے اردو پر اثرات سے بحث کی گئی ہے۔ اس کے بعد پانچ ادوار میں ولی سے انیس و دبیر تک اردو کے نامور آٹھ شاعروں کے حالات قلمبند کئے گئے ہیں۔ ہر باب کے آغاز میں زبان و شعر کے ارتقا کا حال بھی بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کا ایک امتیاز یہ بھی ہے کہ اس میں جن شاعروں کے مفصّل حالات قلمبند ہوئے ہیں وہی سب اردو شاعری کی تاریخ میں صفِ اوّل کے شاعر قرار پائے ہیں۔
بقول ڈاکٹر اسلم فرخی "تحقیق و تدقیق سے قطع نظر آبِ حیات اردو شاعری کی پہلی مکمل اور مبسوط تاریخ ہے جو ادبی تاریخوں کے ڈھنگ پر لکھی گئی ہے۔ اس نے تذکرہ نویسی کے قدیم انداز کو یکسر منسوخ کر دیا اور تاریخ ادب کی روایت کو فروغ بخشا۔"

نام کتاب :۔ تاریخ زبان اردو یعنی اردوئے قدیم
مصنّف : حکیم شمس اللہ قادری ماہر علوم آثار قدیمہ
پہلا ایڈیشن : ۱۹۲۵ء
جدید ایڈیشن : ۱۹۶۷ء (تیسرا ایڈیشن)
مطبوعہ : منشی نول کشور پریس لکھنؤ
صفحات : ۱۵۸+۶۰

یہ کتاب پہلی مرتبہ انجمن پریس اورنگ آباد سے ۱۹۲۵ء میں چھپی تھی اس میں دکن اور گجرات کے علاقوں میں ولی کے عہد تک کا اردو زبان و ادب کے ارتقا کا حال بیان ہوا تھا۔ اس کے بعد یہ کتاب دوسری بار نول کشور پریس لکھنؤ سے

۱۹۲۹ء میں شائع ہوئی۔ جس میں پہلے اڈیشن کے مقابلہ میں کافی اضافہ کیا گیا۔ تین ضمیمے بھی اس میں شامل کیے گئے۔ پہلے ضمیمہ میں شیخ سعدی، دوسرے ضمیمہ میں طوطی نامہ اور اُس کے ترجمے، تیسرے ضمیمہ میں حُسن و دل پھر آخر میں کتابیات، قدیم تصنیفات، انڈکس اور ملحقات اردوئے قدیم کو شامل کیا گیا۔ ۱۹۲۹ء والے اڈیشن کا عکس ۱۹۸۷ء میں تیسری بار کتاب کی شکل میں اسی نول کشور پریس سے شائع ہوا۔ اس کتاب میں زبان اردو اور اُسکی نظم و نثر کی مفصّل تاریخ، عہد بہ عہد ترقیوں کا تذکرہ، ابتدائی زمانہ (۷۸۹ھ) سے بارہویں[12] صدی ہجری کے نصف اوّل تک مذکور ہے اور اس کے ضمن میں قدیم شعرا اور مصنفین کے صحیح و معتبر حالات تحریر ہیں۔

نام کتاب:۔ تاریخ ادب اردو (باتصویر)

مصنف:۔ رام بابو سکسینہ ایم۔اے۔ ایل ایل بی۔

مترجمہ:۔ مرزا محمد عسکری بی۔اے۔

سن اشاعت:۔ ۱۹۲۹ء دوسرا اڈیشن

مطبوعہ:۔ منشی نول کشور پریس لکھنؤ

صفحات: ۲۱۲

یہ کتاب پہلی مرتبہ انگریزی زبان میں "ہسٹری آف اردو لٹریچر" کے نام سے چھپی تھی۔ مصنف نے یہ کتاب بطور ٹکسٹ بک انگریزی داں جماعت کے لئے تیار کی تھی۔ ۱۹۲۹ء میں افادیت کے پیش نظر اس کتاب کو

مرزا محمد عسکری بی۔ اے۔ نے منشی نولکشور پریس لکھنؤ سے اردو میں ترجمہ کرکے چھپوایا۔
اس ترجمہ میں شعراء کے کلام کا نمونہ بھی دیا گیا اور حالات میں بھی اضافہ کیا گیا۔
بعض شاعروں کی تصاویر کے علاوہ کتاب کے آخر میں انڈکس بھی شامل کیا گیا
جیسا کہ سرورق کے اندراج سے معلوم ہوتا ہے۔

۱۹۶۹ء میں اس کتاب کا چوتھا ایڈیشن چھپا تھا اور وہی شاید آخری
ایڈیشن ہے۔ بصورت موجودہ کتاب دو حصّوں پر مشتمل ہے یعنی حصّہ نظم اور
حصّہ نثر۔ حصّۂ نظم ولی سے شروع ہو کر اقبال کے ابتدائی دور پر ختم ہوتا ہے۔
حصّہ نثر میں ۱۹۲۷ء تک کے حالات تحریر ہیں۔

نام کتاب:۔ مختصر تاریخ ادب اردو (نصابی)
مصنف:۔ ڈاکٹر سید اعجاز حسین ایم اے۔ ڈی لٹ
(سابق صدر شعبۂ اردو الہ آباد یونیورسٹی)

پہلا ایڈیشن:۔ ۱۹۳۴ء
مطبوعہ:۔ کوہ نور پرنٹنگ پریس دہلی ۶
ناشر:۔ اردو کتاب گھر دہلی ۶
جدید اشاعت: ۱۹۶۴ء (گیارہواں ایڈیشن)

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۳۴ء میں نکلا تھا۔ یہ کتاب چونکہ

طالب علموں کی ضرورت کو پورا کرتی تھی نہایت مقبول ہوئی اور ۱۹۶۴ء میں اس کا گیارہواں ایڈیشن چھپ کر نکلا مصنف نے ہر ایڈیشن میں کچھ نہ کچھ اضافے کیے ہیں۔ اس کتاب میں بھی نظم ونثر کے حصے الگ الگ ہیں۔ حصۂ نظم میں شاہ میراں جی سے جدید دور کے شعراء، فیض، علی سردار جعفری، احمد ندیم قاسمی، وامق، مجروح، جگن ناتھ آزاد اور جذبی، تاباں تک کے حالات اور حصۂ نثر میں میر امن، آل احمد سرور، وقار عظیم، احتشام حسین، مسعود حسین خاں اور خورشید الاسلام تک کے حالات اور ان کی تصانیف کا مجملاً تعارف کرایا ہے۔ ابواب کی تقسیم میں اصناف کو بنیادی اہمیت دی ہے۔ اور ہر صنف کے ارتقاء کا حال زمانی ترتیب سے لکھا ہے۔

نام کتاب : تاریخ ادب اردو

مولف : ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور

ناشر : ادارہ ادبیات اردو حیدر آباد دکن

مطبوعہ : نیشنل پریس حیدر آباد

۸۹۱۵۴۳۰
۲۱ ت ا

پہلا ایڈیشن : ۵ مارچ ۱۹۵۰ء

سن اشاعت : ۱۹۷۳ء (ساتواں ایڈیشن)

صفحات : ۱۶۰

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۴۰ء میں ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد کی طرف سے چھپا تھا۔ ۱۹۷۳ء تک اس کے سات ایڈیشن نکل چکے تھے۔ یہی ہمارے پیش نظر ہے۔ اس کے پہلے حصے میں دکن کے علاقوں میں اردو زبان وادب کے ارتقا کا حال لکھا ہے۔ شروع میں زبان کی ابتداء سے بھی بحث کی گئی ہے۔

دوسرے حصے میں دہلی میں اردو ادب کے نشو و نما اور دکن میں اردو ادب کے احیاء پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں دبستان لکھنؤ و دہلی کا تفصلاً ذکر کیا گیا ہے۔ چوتھے حصے میں جدید دور میں زبان وادب کے ارتقاء پر لکھا گیا۔

نام کتاب : صحیفۂ تاریخ اردو ۸۹۱۶۳۹ ۲۰۲ ص و

مصنف : سید محمد محمود رضوی مخمور اکبر آبادی

مطبوعہ : آر پی پریس دہلی

ناشر : گیا پرساد اینڈ سنز آگرہ

صفحات : ۳۵۵

پہلا ایڈیشن : ۱۹۴۷ء

یہ کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں اردو کی خلقت و ارتقاء پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دوسرے باب میں، نظم کی نشوونما اور مختلف تبدیلیوں کا ذکر ہے پھر لسانی نقطۂ نظر سے اور صوری و معنوی پیکر تراشی

کو ذہن میں رکھ کر اردو نظم کی تاریخ لکھی ہے جو سترہویں اور چودہویں صدی عیسوی سے لیکر بیسویں صدی عیسوی کے اوائل تک کا احاطہ کرتی ہے۔
تیسرا باب بطور ضمیمہ ہے جس میں شعرائے اردو کے تذکروں سے بحث کی گئی ہے۔

نام کتاب: تنویر ادب (نصابی)
مصنفہ: صغیر احمد جان
۸۹۱۵۳۹
ن ح ۱۱ ت ل
مطبوعہ: نشنل پریس الہ آباد
پہلا سن اشاعت: ۱۹۲۷ء
صفحات: ۳۱۸

یہ کتاب اردو زبان کی تاریخ پر روشنی ڈالتی ہے۔ اور نصابی ضرورتوں کو دیکھتے ہوئے لکھی گئی ہے۔

نام کتاب: اردو کی ادبی تاریخ

مصنف: پروفیسر عبدالقادر سروری سابق صدر شعبۂ اردو کشمیر یونیورسٹی سرینگر

ناشر: شیخ محمد عثمان اینڈ سنز، سری نگر

مطبوعہ: جمال پریس دہلی

پہلا ایڈیشن: ۱۹۵۸ء

جدید اشاعت: ۱۹۷۶ء (دوسرا ایڈیشن)

صفحات: ۳۸۲

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۵۸ء میں نشنل فائن پرنٹنگ پریس چار مینار حیدرآباد سے شائع ہوا تھا پھر اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۷۶ء میں نکلا۔ یہی ہمارے پیش نظر ہے۔ اس میں شعر و ادب کے مختلف میلانات اور رجحانات سے بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے مشتملات اس طرح ہیں۔

(۱) قدیم ہندوستان، عظیم ہندوستان۔

(۲) نئی لہر۔

(۳) تہذیبی لین دین۔

(۴) نئی تہذیب نئی زبان۔

(۵) فاتح، مفتوح۔

(۶) شمال کی رو دکن کی طرف۔

(۷) پہلے آثار۔

(۸) نئی تہذیب اور نئی لسانی روایات۔

(٩) نشو و نما ۔

(١٠) شمال اور جنوب کا سنگم ۔

(١١) زوال آمادہ اجزاء ۔

(١٢) اہل نظر کی تازہ بستیاں ۔

(١٣) مغربی دھارا ۔

(١٤) ہندوستان ہمارا ۔

(١٥) شکست اور تعمیر نو ۔

نام کتاب : اردو ادب کی تاریخ (نصابی)

مصنف : نسیم قریشی شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ناشر : فرینڈز بک ہاؤس علی گڑھ

پہلی اشاعت : ١٩٥٥ء

جدید ایڈیشن : ١٩٧٢ء

اس کتاب کا پہلا اڈیشن ١٩٥٥ء میں آزاد کتاب گھر دہلی سے شائع ہوا تھا۔ یہ کتاب (اردو ادب کی تاریخ) طالب علموں کی نصابی ضرورتوں کو پیش نگاہ رکھتے ہوئے تالیف کی گئی۔ بقول مصنف "میں نے کوشش کی ہے کہ اردو زبان و ادب کی تدریجی ارتقاء کا واضح تصور مجمل طور سے نگاہوں کے سامنے آجائے۔"

نام کتاب : علی گڑھ تاریخ ادب اردو

مرتب : پروفیسر آل احمد سرور سابق صدر شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ناشر : شعبۂ اردو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

مطبوعہ : مسلم یونیورسٹی پریس علی گڑھ۔

سن اشاعت : ۱۹۶۲ء

صفحات : ۵۲۲ + ۴

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبۂ اردو نے یو۔جی۔سی کے تعاون سے اردو ادب کی مکمل تاریخ پانچ جلدوں میں شائع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ اس میں صرف یہ پہلی جلد چھپی باقی چار جلدوں کے مضامین بھی لکھے جا چکے تھے لیکن اب تک وہ سب گاؤخورد ہو چکے ہیں۔ یہ کتاب مختلف علماء کے مضامین پر مشتمل ہے۔ جن کی فہرست درج ذیل ہے۔

(۱) لسانیاتی مقدمہ : ڈاکٹر مسعود حسین خاں

(۲) سیاسی اور تمدنی پس منظر : پروفیسر محمد مجیب

(۳) گجرات میں اردو : پروفیسر نجیب اشرف ندوی

(۴) اردو ادب بہمنی دور میں : پروفیسر عبد القادری

(۵) اردو ادب عادل شاہی دور میں (الف) پروفیسر نذیر احمد (ب) نصیر الدین ہاشمی

(۶) اردو ادب قطب شاہی دور میں : ڈاکٹر محی الدین قادری زور

(۷) ولی اور اس کا عہد : ڈاکٹر ظہیر الدین مدنی

(۸) شمالی ہند میں اردو کے نمونے ۱۷۰۰ء تک : پروفیسر نور الحسن ہاشمی

نام کتاب: تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند
(جلد اوّل تا سولھویں جلد)

مطبوعہ: مطبع عالیہ لاہور

ناشر: پنجاب یونیورسٹی پاکستان

پہلی اشاعت: ۱۹۷۱ء

پہلی جلد — مقدمہ — سید فیاض محمود

دوسری جلد (عربی ادب ۷۱۲ء — ۱۹۷۰ء) مدیر خصوصی پروفیسر عبد القیوم

تیسری جلد (فارسی ادب ۱۰۰۰ء — ۱۵۲۶ء) " " ڈاکٹر وحید مرزا

چوتھی جلد (فارسی ادب ۱۵۲۶ء — ۱۷۰۷ء) " " مرزا مقبول بیگ بدخشانی

پانچویں جلد (فارسی ادب ۱۷۰۷ء — ۱۹۷۰ء) " " پروفیسر وزیر الحسن عابدی

چھٹی جلد (اردو ادب ۱۷۵۲ء — ۱۷۰۷ء) " " وحید قریشی

ساتویں جلد (اردو ادب ۱۷۰۷ء — ۱۸۰۳ء) " " سید وقار عظیم

آٹھویں جلد (اردو ادب ۱۸۰۳ء — ۱۸۵۸ء) " " سید فیاض محمود

نویں جلد (اردو ادب ۱۸۵۷ء — ۱۹۱۴ء) " " ڈاکٹر عبادت بریلوی

دسویں جلد (اردو ادب ۱۹۱۴ء — ۱۹۷۰ء) " " سید فیاض محمود

گیارہویں جلد (بنگالی ادب — اوّل) " " ڈاکٹر سید علی اشرف

بارہویں جلد (بنگالی ادب دوم) " " ڈاکٹر سید علی اشرف

تیرھویں جلد (علاقائی ادبیات مغربی پاکستان) " " سید فیاض محمود

چودھویں جلد (علاقائی ادبیات مغربی پاکستان دوم) " " سید فیاض محمود

پندرھویں جلد (علاقائی ادبیات ہند) " " سید فیاض محمود

سولھویں جلد (خلاصہ جملہ جلد ہائے ادبیات انگریزی) مولف سید فیاض محمود

نام کتاب: جدید تاریخ ادب اردو (اضافی)
مرتبین: عظیم الحق جنیدی، اسیر حسن نورانی
ناشر: ادارۂ اشاعت اردو دہلی
سن اشاعت: ۱۹۷۳ء
صفحات: ۳۰۲

نام کتاب: اردو ادب کی تاریخ
مرتب: عظیم الحق جنیدی
ناشر: ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ
مطبوعہ: لیتھو کلر پرنٹرس علی گڑھ
سن اشاعت: ۱۹۷۴ء (پہلا ایڈیشن)

اس کتاب میں ہندوستانی زبان کا لسانی ارتقا اصناف شاعری کے علاوہ شاعری کے مختلف اسکولوں سے متعلق تبصرہ بھی دیا گیا ہے۔ اور اردو نظم ونثر کی رفتار بیان کرکے مشاہیر شعراء ونثر نگاروں پر تبصرہ بھی ہے۔

اس تاریخ میں پیروڈی، گیت، اور ریو تاثر کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔
اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۷۲ء میں نکلا تھا۔ اس کتاب کی افادیت کے پیش نظر ۱۹۸۶ء تک گیارہ^{۱۱} ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ ۱۹۸۶ء کا ایڈیشن تاج آفسٹ پریس الہ آباد سے شائع ہوا ہے۔ اور یہ ۱۹۷۸ء والے ایڈیشن کا عکس ہے۔

نام کتاب: اردو ادب کی تاریخ حصہ اوّل (نظم)
مصنّف: سیّد ابوالعاصم رضوی
ناشر: مجلس ترقی اردو ۲۵۲ بارہ دری شیر افگن دہلی ۱۱۰۰۰۶
مطبوعہ: جمال پریس دہلی۔   بز ۸۹۱ء ۲۳۱۰۹ و ۳۰۱ ت
سن اشاعت: ۱۹۷۵ء

بقول مصنّف: "یہ کتاب ۱۵۰۰ ق۔م سے بیسویں^{۲۰} صدی عیسوی تک تمام لسانی، فکری اور ادبی تحریکوں کا جائزہ اور ان ادوار کے تقریباً ۲۰۰ نمائندہ شاعروں کی شعری تخلیقات کے تنقید و تبصرے پر مشتمل ہے۔"

نام کتاب: تاریخ ادب اردو جلد اوّل (قدیم دور)

مصنف: ڈاکٹر جمیل جالبی ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ

ناشر: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی ۶

مطبوعہ: جے کے آفسٹ پریس جامع مسجد دہلی

سن اشاعت: جنوری ۱۹۷۷ء (پہلا ایڈیشن)

صفحات: ۷۹۱

بزم کٹلاگ ۸۹۱۵ ۳۰۹ ح
ج ۰ م ت ا

یہ کتاب ۱۰۵۰ء سے ۱۷۵۰ء تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ بقول مصنف

"اس کتاب کا خاکہ اس طرح بنایا گیا ہے کہ ساری تصنیف کو ترتیب زمانی سے چھ فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر فصل کے تحت مختلف ابواب آتے ہیں۔ ہر فصل کا پہلا باب پورے دور کی تمہید کی حیثیت رکھتا ہے۔ جس میں اس دور کی تہذیبی، معاشرتی، ادبی اور لسانی خصوصیات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ تاکہ پڑھنے والوں کے سامنے اس دور کی واضح تصویر آجائے۔ آخر میں ضمیمہ درج ہے۔ اس کے تحت پاکستان میں اردو کو موضوع بنا کر پاکستان کے چاروں صوبوں میں اردو کے گہرے تعلق اور قدیم روایت کا سراغ لگایا گیا ہے۔"

نام کتاب : تاریخ اقلیم ادب (حصہ اوّل)
(فتح دکن ۱۰۹۸ھ/۱۶۸۶ء تک)

مولف : ڈاکٹر محمد انصار اللہ شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ناشر : یوپی اردو اکاڈمی ۲۱ آر کے منٹن روڈ لکھنؤ (یوپی)

مطبوعہ : لیتھو کلر پرنٹرس علی گڑھ

بزٹنلاگ

۸۹۱۲۲۳۰۹
و ال م ت ا

سن اشاعت : ۱۹۷۹ء / ۱۳۹۹ھ

صفحات : ۲۴۲

تعداد : ۵۰۰

بقول مولف: "اردو زبان وادب کی پہلی باقاعدہ مربوط تاریخ ہے جس میں زمانی اور مکانی تقسیم کے ساتھ تازہ ترین تحقیقات کی روشنی میں نصابی ضرورتوں کے مطابق نہایت مدلّل انداز سے تمام واقعات کا بیان کیا گیا ہے"۔

یہ کتاب مندرجہ ذیل مضامین کی ترجمان ہے۔

آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی

نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی

دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی

(۱) گجرات (۲) بیجاپور (۳) بیدر (۴) احمد نگر (۵) گولکنڈہ

(۶) شمالی ہند (۷) بہار و بنگال

گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی

(۱) گجرات (۲) بیدر (۳) احمد نگر (۴) بیجاپور

(عہد ابراہیم ثانی ص ۹۰ عہد محمد ص ۹۶ عہد ص ۱۰۷ عہد سکندر ص ۱۲۳)

(۵) گولکنڈہ (عہد محمد قلی ص ۱۵۵، عہد محمد ص ۱۲۲، عہد عبداللہ ص ۲۰۰ عہد ابوالحسن ص ۲۱۳)

(۶) پنجاب (۷) دہلی اور نواح (۸) سو دیار مشرق

نام کتاب: تاریخ اقلیم ادب (دوسرا حصہ)

(احمد شاہی دور ۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء تک)

مولف: ڈاکٹر محمد انصار اللہ شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

ناشر: یو پی اردو اکاڈمی لکھنؤ

مطبوعہ: تاج پرنٹنگ ورکس نئی بستی علی گڑھ

سن اشاعت: ۱۹۸۰ء **نمبر:** —

صفحات: ۲۹۵

یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔

باب پہلا: وفات عالمگیر تک (۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء تک)

باب دوسرا: جلوس محمد شاہی سے پہلے تک (۱۱۳۱ھ/۱۷۱۹ء)

باب تیسرا: محمد شاہ کی وفات تک (۱۱۶۱ھ/۱۷۴۸ء)

باب چوتھا: عہد احمد شاہ تک (۱۱۶۷ھ/۱۷۵۴ء)

نام کتاب: تاریخ ادب اردو (اٹھارویں صدی)

جلد دوم (حصّہ اوّل)

مصنّف: ڈاکٹر جمیل جالبی ایم اے۔ ایل ایل بی۔ پی ایچ ڈی۔ ڈی لٹ

ناشر: محمد مجتبیٰ خاں

مطبوعہ: تاج آفسٹ پریس دہلی ۱۱۰۰۰۶

مقام اشاعت: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس ۳۱۰۸ گلی عزیز الدین وکیل کوچہ پنڈت

لال کنواں دہلی ۱۱۰۰۰۶

سن اشاعت: ۱۹۸۲ء

(نوٹ یہ کتاب دو جزوں میں ہے۔ پہلے جزو میں ۶۲۸ صفحے ہیں اور دوسرا جزو اس کے بعد سے شروع ہوتا ہے۔ اور ۱۲۲۸ صفحات پر ختم ہوتا ہے)

یہ حصّہ پانچ فصلوں پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں شمالی ہند اردو شاعری کی ابتدائی روایت سے میر سودا کے دور تک اردو زبان و ادب کی ارتقا کا حال بیان ہوا ہے۔ اس کے علاوہ شاعروں اور مصنفوں کے سوانحی حالات انکی تصانیف کا مطالعہ، ان کے اسلوب طرز کا تجزیہ اور مختلف ادوار میں رونما ہونے والی لسانی تبدیلیاں زیر بحث آئی ہیں۔

(دوسرا جزو ص ۶۲۹ تا ص ۱۲۲۸) درج ذیل ہے۔

اسمیں پوری فصل کو پانچ ابواب پر تقسیم کیا گیا۔ اس فصل میں اٹھارویں صدی میں اردو نثر کے حال پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ یہ حصّہ چھ فصلوں پر مشتمل ہے۔

فہرست کتب

نمبر	نام کتاب	مصنف	مطبع	سال طباعت
۱	داستان تاریخ اردو	حامد حسن قادری	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۳۸ء
۲	اردو ادب کی تاریخ	ڈاکٹر نذیر احمد وعباد اللہ		۱۹۵۱ء
۳	اردو کی کہانی	احتشام حسین	سرفراز قومی پریس لکھنؤ	۱۹۵۶ء
۴	جائزہ تاریخ اردو	مرزا شرافت حسین	سر سید بکڈپو علی گڑھ	۱۹۶۰ء
۵	تعارف تاریخ اردو	شجاعت علی سندیلوی	ادارہ فروغ اردو لکھنؤ	۱۹۶۲ء
۶	مرصع اردو	سید خوشحال زیدی	بزم خضر راہ دہلی	۱۹۷۷ء
۷	اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ	ڈاکٹر سلیم اختر	لاہور	۱۹۸۴ء

دوسرا باب

اردو ادب کی تاریخیں به اعتبار علاقہ

اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار علاقہ

علاقہ وار تاریخیں لکھنے کا رجحان غالباً ۱۹۲۰ء میں پیدا ہوا۔
اس سلسلہ کا سب سے بڑا کام ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے کیا ۱۹۲۰ء میں
انھوں نے "**دکنی ادب کی تاریخ**" کتاب شائع کی۔ اس کے بعد اس نوعیت کی جو
کتابیں اب تک منظر عام پر آئی ہیں ان کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ عام طور سے
دکنی علاقہ میں اردو زبان و ادب کے ارتقاء کی طرف زیادہ توجہ کی گئی ہے۔
اس علاقہ کے متعلق ہمارے علم میں کئی کتابیں آچکی ہیں جن میں قابل ذکر
"**دکن میں اردو**" ہے۔

پنجاب کے **علاقہ** کے اعتبار سے پہلی بار کتاب ۱۹۲۹ء میں
حافظ محمود خاں شیرانی کی "**پنجاب میں اردو**" چھپی۔

مدراس میں اردو ادب کی ترقی کی نشاندہی نصیر الدین ہاشمی کی کتاب
"**مدراس میں اردو**" کرتی ہے۔

لکھنؤ کا علاقے کے متعلق پہلی بار کتاب ۱۹۴۲ء میں ابو اللیث صدیقی
نے "**لکھنؤ کا دبستان شاعری**" شائع کی۔ اس پر علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
کی طرف سے اردو کی پہلی پی ایچ ڈی کی سند ملی تھی۔

دلی کے **متعلق** پہلی کتاب "**دلی کا دبستانِ شاعری**" ڈاکٹر
نورالحسن ہاشمی نے ۱۹۴۹ء میں لکھی۔ دیگر علاقوں کے اعتبار سے کتابیں۔
"**ریاست میسور میں اردو کی نشو و نما**" مصنفہ حبیب النساء بیگم ولی اللہ

"در بھنگہ میں اردو" ناشاد ظہیر ایم۔ اے، "بہار میں اردو زبان و ادب کا ارتقا" ڈاکٹر اختر اورینوی، "بنگال میں اردو" وفا راشدی، "بنگال میں اردو زبان و ادب" ڈاکٹر کلثوم جاریہ اور "بمبئی میں اردو" ڈاکٹر میمونہ دلوی کی ہیں۔ ان کے علاوہ بھی اور بہت سی کتابیں شائع ہوئی ہیں لیکن ان کا تفصیل سے جائزہ نہیں لیا جا سکتا۔ چند اہم کتابوں کی فہرست بھی اس باب کے آخر میں دی جا رہی ہے جن کے ذریعہ ہمیں اس کی سمت اور رفتار کے بارے میں معلومات ہو جائے گی۔

اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اور بھی بہت کتابیں ہندوستان کے اندر اور غیر ممالک مثلاً پاکستان، بنگلا دیش، جاپان، متحدہ عرب امارات اور ترکی میں شائع ہو چکی ہیں۔ جن کا ہمیں علم نہیں ہو سکا ہے۔ دراصل اردو آج صحیح معنوں میں ایک بین الاقوامی زبان کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ اس زبان سے متعلق ایشیائی زبانوں، جاپانی میں اور یورپی زبانوں میں، روسی اور انگریزی میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری ہے۔ اس وقیع و وسیع زبان میں تاریخ سے متعلق جو گراں قدر سرمایہ فراہم ہو چکا ہے۔ ہمارا یہ کام اس کے محض اشاریہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ یقین ہے کہ اس کام کی روشنی میں اس پورے سرمایے کا بہتر طور پر جائزہ آئندہ لیا جائے گا۔

اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار علاقہ

نام کتاب: دکنی ادب کی تاریخ

مصنف: ڈاکٹر محی الدین قادری زور

مطبوعہ: ایجوکیشنل پریس کراچی

ناشر: اردو مرکز لاہور

سن اشاعت: ۱۹۲۱ء (پہلا اڈیشن)

صفحات: ۱۸۸

اس کتاب میں دبستان دکن بیدر/ برار/ احمد نگر/ بیجاپور میں شعر و ادب کے ارتقا کا مبسوط خاکہ پیش کیا گیا۔

نام کتاب: دکن میں اردو

مصنف: نصیر الدین ہاشمی

مطبوعہ: نامی پریس لکھنؤ

ناشر: نسیم بکڈپو لکھنؤ

پہلا ایڈیشن: ۱۹۲۳ء

جدید اشاعت: ۱۹۶۳ء چھٹا ایڈیشن۔

صفحات: ۱۰۸۴

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۳ء میں نکلا تھا جو مختصر تھا۔ ۱۹۶۳ء میں

اس کا چھٹا ایڈیشن نکلا۔ مصنف نے ہر ایڈیشن میں کچھ نہ کچھ اضافہ کیا ہے۔ چھٹے ایڈیشن میں اس نے ایک ضمیمہ بھی شامل کیا ہے جس میں اندھرا میں اردو کے ارتقاء کا حال لکھا ہے۔

نام کتاب: پنجاب میں اردو
مصنف: حافظ محمود خاں شیرانی
ناشر: اتر پردیش اردو اکاڈمی لکھنؤ
سن اشاعت: ۱۹۲۹ء (پہلا ایڈیشن)
جدید اشاعت: ۱۹۸۲ء
صفحات: ۳۱۲

یہ کتاب حافظ صاحب نے ۱۹۲۸ء میں لکھی تھی۔ اور ۱۹۲۹ء میں پہلی بار چھپ کر شائع ہوئی اسوقت سے اب تک اس کے متعدد ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ ۱۹۸۲ء میں اردو اکاڈمی اتر پردیش لکھنؤ نے فوٹو آفسیٹ ایڈیشن نکالا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کتاب کو جناب خورشید خاں (لاہور) جدید اصولوں پر مدون کر کے شائع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ بقول مصنف: "اس کتاب میں اردو زبان کی قدامت پر مختلف پہلوؤں سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔ خصوصاً ان مسائل پر جنکی رو سے پنجاب اس زبان کی ابتداء اور اسکی نشوونما کا گہوارہ مانا جا سکتا ہے۔ اس کتاب میں پنجاب کے اردو گو شعراء کے

ذکر وار فنکار بھی داخل ہیں۔

نام کتاب : مدراس میں اردو
مصنّف : نصیرالدین ہاشمی
مطبوعہ : مکتبہ ابراہیمیہ پریس حیدرآباد
ناشر : ادارہ ادبیات اردو حیدرآباد
سن اشاعت : ۱۹۳۸ء
صفحات : ۲۰۰

نام کتاب : میسور میں اردو
مصنّف : محمد سعید عبدالخالق
مطبوعہ : اعظم اسٹیم پریس حیدرآباد
سن اشاعت : ۱۹۴۲ء (دوسرا ایڈیشن)
صفحات : ۹۶

نام مقالہ : لکھنؤ کا دبستانِ شاعری (پی ایچ ڈی کا مقالہ)

مصنف : ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی

مطبوعہ : نظامی پریس لکھنؤ

ناشر : اردو پبلشرز ۸ تلک مارگ لکھنؤ

سن اشاعت : ۱۹۴۴ء (پہلا ایڈیشن)

جدید اشاعت : ۱۹۷۳ء

صفحات : ۷۴۴

۸۹۱۵۴۳۱۰۹ — نمبر

ص ۲۱ ل وش

۱۹۳۸ء میں اس موضوع پر کام شروع کیا گیا۔ ۱۹۴۲ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی طرف سے اسی پر مصنف کو اردو میں پہلی پی ایچ ڈی کی سند دی گئی۔ اسے مطبوعات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے سلسلے میں شائع کیا گیا۔ اُس وقت سے اب تک اس کتاب کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ ہمارے پیش نظر اس کا ایک جدید ایڈیشن جو ۱۹۷۳ء میں چھپا ہے مصنف کے اضافوں اور ترمیموں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔ خان آرزو، سودا اور میر حسن کے ابواب دوبارہ لکھے گئے ہیں۔ جرأت، مصحفی، اور رنگین کے حالات کو بھی ازسرِنو مرتب کیا گیا ہے۔ چھٹے باب میں منیر اور امانت کا حال دوبارہ لکھا گیا ہے۔ اسی طرح سے شوق، محفوظ، حسرت، نظم طباطبائی، صفی، اثر، آرزو اور مرزا یاس یگانہ چنگیزی پر نئے طریقے سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

یہ کتاب نو ابواب پر مشتمل ہے۔ ان ابواب میں مثنوی، مرثیہ، اور غزل کے ارتقاء اور ان کے محاسن سے بحث کی گئی ہے۔ دبستان لکھنؤ

کے بعض شاعروں کی تصاویر بھی کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔

نام مقالہ : دلّی کا دبستانِ شاعری (پی ایچ ڈی کا مقالہ)

مصنّف : ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی

ناشر : ادارہ فروغِ اردو لکھنؤ

سن اشاعت : ۱۹۴۹ء پہلا ایڈیشن

جدید اشاعت : ۱۹۶۵ء (دوسرا ایڈیشن) نمبر ۸۹۱۵۴۳۱۰۹ ۱۱۵ دش

صفحات : ۳۴۴

یہ مقالہ پہلی بار ۱۹۴۹ء میں انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی نے کراچی سے شائع کیا تھا۔ اس میں دہلی کے شعراء اور ادباء کے حالات اور کلام سے بحث کی گئی ہے۔ مقالہ سات ابواب پر مشتمل ہے جن کے عنوان یہ ہیں۔

(۱) مختصر سیاسی اور معاشی حالات۔

(۲) دہلی میں شعر و شاعری کا چرچا۔

(۳) دہلی میں شاعری کے موضوع اور معیار۔

(۴) دہلی میں شاعری۔

(۵) دہلوی شعراء، دہلویت کیا ہے؟

(۶) دہلی کی زبان، شعراء کے عہد بہ عہد اصلاح زبان۔

(۷) دہلی اور لکھنؤ کی زبان کا فرق۔

نام کتاب: بہار میں اردو زبان وادب کا ارتقاء
(۱۲۰۴ء سے ۱۸۵۷ء تک)

مصنف: ڈاکٹر اختر اورینوی صدر شعبۂ اردو پٹنہ یونیورسٹی

مطبوعہ: لیبل لیتھو پریس پٹنہ

سن اشاعت: مارچ ۱۹۵۷ء

نام کتاب: ریاست میسور میں اردو کی نشو ونما (پی ایچ ڈی کا مقالہ)

مصنفہ: ڈاکٹر حبیب النساء بیگم ولی اللہ

مطبوعہ: برق اردو پریس بنگلور

سن اشاعت: ۱۹۶۲ء

صفحات: ۲+۸۴

یہ مقالہ آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ کتاب کی ابتداء میں مقدمہ ہے۔ جسمیں ہندوستان کے ساتھ عربوں کے تعلقات کا بیان ہے۔ اور ان کے باہمی میل ومیلاپ سے جو اردو زبان کا ارتقاء ہوا اُس کو تاریخی حیثیت سے بیان کیا گیا ہے۔

نام کتاب : بمبئی میں اردو (۱۹۱۴ء تک)
مصنفہ : ڈاکٹر میمونہ دلوی
مطبوعہ : آج پریس جیراج بھائی لین بمبئی ۸
ناشر : مکتبہ جامعہ نئی دہلی

سن اشاعت : ۱۹۷۰ پہلا اڈیشن
صفحات : ۳۲۴

یہ مقالہ چھ ابواب پر منقسم ہے۔ پہلا باب بمبئی کی سیاسی و سماجی تاریخ، دوسرا باب: تذکرہ شعراء اور نثر نگار، تیسرا باب: صحافت، چوتھا باب: علمی و ادبی تحریکیں، پانچواں باب: اردو ڈرامہ اور چھٹا باب لوک گیت کے متعلق ہے۔

نام کتاب : دربھنگہ میں اردو
مصنف : ناشاد ظہیر ایم۔اے
مطبوعہ : صدیقہ اردو آرٹ فوٹو آفسیٹ پرنٹرس کلکتہ ۱۷
ناشر : مہ جبین کتاب گھر سرجاپور، رہام کٹری دربھنگہ

سن اشاعت : ۱۹۷۷ء
صفحات : ۹۶ء

بقول مصنف "یہ کتاب چند تحقیقی قسم کے مضامین کا مجموعہ ہے ان مضامین میں دربھنگہ کے متعلق معلومات مہیا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ دربھنگہ میں اردو کی آمد کب اور کیوں کر ہوئی؟ ابتدائی دور کے ادیبوں

اور شعراء کی خدمات کیا ہیں اور وہاں کی مقامی اردو کی لسانی خصوصیات کیا ہیں؟

نام کتاب : مدراس میں اردو ادب کی نشو و نما (جلد اوّل)

مصنّف : ڈاکٹر محمد افضل الدین اقبال

ناشر : معین الدین بیلی کیشنز مقام مسعود جام

باغ روڈ حیدر آباد

نمبر۔ ۸۹۱ء۳۰۹
۱م۳۶۱

سن اشاعت : ۱۹۷۹ء

صفحات : ۴۰۶

مصنّف نے پہلی بار "مدراس میں اردو ادب کی نشو و نما" کا مفصّل جائزہ لے کر بہت سے شاعروں اور ادیبوں کو گوشۂ گمنامی سے باہر نکالا ہے اور ۱۸۲۵ء سے ۱۸۵۵ء تک مدراس میں صحافت اور نظم و نثر کی مختلف اصناف کی ارتقا پر روشنی ڈالی ہے۔ یہ کتاب تحقیقی نقطہ نظر سے بھی اہم ہے۔

فہرست

نمبر	نام کتاب	مصنف	مطبع	سال طباعت
۱	داستان ادب حیدرآباد	محی الدین قادری زور	سب رس کتاب گھر حیدرآباد	۱۹۵۱ء
۲	اردو ادب کی ترقی میں بھوپال کا حصہ	نسیم حامد رضوی	ادارہ ادب و تنقید بھوپال	۱۹۶۵ء
۳	مغربی بنگال میں اردو کا سفر	ایم۔ اے نصر	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۸۰ء
۴	پنجاب میں اردو ادب کا ارتقا (۱۸۴۹ء سے ۱۹۱۲ء تک)	ڈاکٹر ممتاز مرزا	پاکستان	۱۹۸۳ء
۵	سلہٹ میں اردو	محمد عبدالجلیل	پاکستان	۱۹۸۳ء
۶	بنگال میں اردو زبان و ادب	ڈاکٹر بھٹاچاریہ	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۸۳ء
۷	بنگال میں اردو	وفا راشدی	اردو پبلشنگ ہاؤس دہلی	۱۹۸۴ء
۸	بیسویں صدی میں مغربی بنگال کے اردو شعراء	مشتاق احمد	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۸۴ء
۹	تاریخ ادبیات گورکھپور	ڈاکٹر سلام سندیلوی	نامی پریس لکھنؤ	۱۹۸۴ء
۱۰	ریاست ٹونک اور اردو شاعری	مختار شمیم		
۱۱	برطانیہ میں اردو کے چار سال (ایک ذاتی جائزہ)	رالف رسل / ڈاکٹر انعام الحق جاوید	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد	۱۹۸۶ء
۱۲	جاپان میں اردو	کوثر جمال	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد	۱۹۸۶ء
۱۳	متحدہ عرب امارات میں اردو	محمد کبیر خاں	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد	۱۹۸۶ء
۱۴	چترال میں اردو	عنایت اللہ فیضی	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد	۱۹۸۶ء
۱۵	ترکی میں اردو	کرنل مسعود اختر شیخ	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد	۱۹۸۶ء

۱۶	بلوچستان میں اردو	ڈاکٹر انعام الحق کوثر	مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد ۸۶
۱۷	صوبہ متوسط برار میں اردو کی حالت	سید علی شبیر حالمی	انجمن ترقی اردو حیدرآباد

تیسرا باب

اردو ادب کی تاریخیں

بہ اعتبار ادوار

اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار ادوار

اردو میں غالباً سب سے پہلے ادوار کی تاریخ لکھنے کی طرف توجہ ڈاکٹر محی الدین قادری زور نے ۱۹۲۹ء میں کی انھوں نے "اردو شہ پارے" کے نام سے کتاب لکھی۔ اس کتاب میں اردو ادب کے آغاز سے ولی کے عہد تک کے شعراء اور نثر نگاروں کے مختصر حالات اور ان کے کلام کا انتخاب پیش کیا تھا۔ ۱۹۶۱ء میں "گل کرسٹ اور اس کا عہد" محمد عتیق صدیقی نے شائع کی۔ ۱۹۷۲ء میں "عہد عثمانی میں اردو خدمات" احمد آصف جاہی کی کتاب منظر عام پر آئی۔ ۱۹۸۱ء میں ڈاکٹر محمد ذاکر ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۲ء تک کے ادوار کی تاریخ اپنی کتاب "آزادی کے بعد ہندوستان کا اردو ادب" کے ذریعہ پیش کی۔ اس موضوع پر یہ کتابیں بھی کافی اہمیت رکھتی ہیں "آزادی کے بعد مغربی بنگال میں اردو" از شانتی رنجن بھٹاچاریہ "بیسویں صدی کے بعض لکھنوی ادیب" مرزا جعفر حسین "شمالی ہند کی اردو شاعری (عہد محمد شاہی میں)" ڈاکٹر محمد حسن اختر "بیسویں صدی میں مغربی بنگال کے اردو شعراء" مشتاق احمد اور "اردو ادب آزادی کے بعد" وغیرہ وغیرہ۔

اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار ادوار

نام کتاب : اردو شہ پارے

مصنف : ڈاکٹر محی الدین قادری زور

ناشر : سلسلہ مطبوعات مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد

مطبوعہ : مکتبہ ابراہیمیہ پریس حیدرآباد

سن اشاعت: ۱۹۲۹ء

صفحات : ۳۵۶ + ۱۵

اس کتاب میں اردو ادب کے آغاز سے ولی کے عہد تک کے شاعروں اور نثر نگاروں کے مختصر حالات اور نظم و نثر کے انتخاب پیش کئے گئے ہیں۔

نام کتاب : گل کرسٹ اور اس کا عہد

مصنف : محمد عتیق صدیقی

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ

مطبوعہ : یونین پرنٹنگ پریس دہلی

سن اشاعت: ۱۹۶۰ء

صفحات : ۳۱۲

اس کتاب کے مشتملات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) پس منظر (۲) گل کرسٹ کا دور تصنیف و تالیف کا دور (۱۷۸۲ء تا ۱۷۹۸ء)

(۳) گل کرسٹ کا مدرسہ (۱۷۹۹ء تا ۱۸۰۰ء)

(۴) فورٹ ولیم کالج (۱۸۰۰ء تا ۱۸۰۴ء)

نام مقالہ: داستان سے افسانے تک (پی ایچ ڈی کا مقالہ)

مصنف: پروفیسر سید وقار عظیم

ناشر: طاہر بک ایجنسی ۲۲۲۳ قاسم جان اسٹریٹ دہلی ۶

مطبوعہ: جمال پرنٹنگ پریس جامع مسجد دہلی ۶

سن اشاعت: جون ۱۹۷۲ء

صفحات: ۴۴۸

یہ مقالہ داستان، ناول اور افسانے کے ارتقاء اور تاریخ کے فن پر مکمل روشنی ڈالتا ہے۔ مختصر افسانے کے پچیس ۲۵ سالہ تاریخ اور تقسیم کے بعد افسانہ نگاروں کی نئی پود نے جو کوشش اس میدان میں کی ہیں ان پر بھی اظہار خیال کیا گیا ہے۔

نام کتاب: آج کا اردو ادب

مصنف: ابواللیث صدیقی

ناشر: علی گڑھ بک ڈپو علی گڑھ

سن اشاعت: ۱۹۷۵ء

صفحات: ۳۲۸

اس کتاب میں اردو ادب کی مختلف اصناف کا جائزہ لیا ہے۔ اور جدید اردو شاعری، ناول، افسانہ، ڈرامہ، جدید تنقید اور طنز و مزاح پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

نام کتاب: عہد عثمانی میں اردو خدمات
مصنف: احمد آصف جاہی
ناشر: ادبستان دکن حیدرآباد

سن اشاعت: ۱۹۸۰ء
صفحات: ۱۵۲

یہ کتاب تاریخی اعتبار سے بہت اہم ہے۔ عہد عثمانی کے سلاطین وامراء کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالتی ہے۔ مشتملات درج ذیل ہیں۔

(۱) حیدرآباد میں اردو کا فروغ عہد عثمانی سے قبل۔
(۲) میر عثمان علی خاں کے دور میں اردو خدمات۔ ادیبوں شاعروں کی سرپرستی۔
(۳) مدارس، جامعہ عثمانیہ میں اردو صحافت کا ارتقا اور امراء کی سرپرستی۔

نام مقالہ: آزادی کے بعد ہندوستان کا اردو ادب (پی ایچ ڈی کا مقالہ)
(۱۹۴۷ء تا ۱۹۶۲ء)
مصنف: ڈاکٹر محمد ذاکر

ناشر: مکتبہ جامعہ نئی دہلی
سن اشاعت: ۱۹۸۱ء

اس پی ایچ ڈی کے مقالے میں اولاً آزادی کے بعد ادب کا مختصراً جائزہ لیا گیا ہے۔ اصناف ادب اور ترقی پسند ادب کا جائزہ بھی زیر بحث ہے۔

فہرست کتب

نمبر	نام کتاب	مصنف	مطبع	سال طباعت
۱	آزادی کے بعد مغربی بنگال میں اردو	شانتی رنجن بھٹاچاریہ	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۸۰ء
۲	اردو ادب آزادی کے بعد	ڈاکٹر سید اعجاز حسین	خیابان الہ آباد	۱۹۸۲ء
۳	وجہی سے عبد الحق تک	ڈاکٹر سید عبد اللہ	انجمن ترقی اردو دہلی	۱۹۸۳ء
۴	اردو ادب کے آٹھ سال	عشرت رحمانی	کتاب منزل لاہور	۱۹۸۴ء
۵	شمالی ہند کی اردو شاعری (عہد محمد شاہی میں)	ڈاکٹر محمد حسن اختر	پاکستان	۱۹۸۴ء

چوتھا باب

اردو ادب کی تاریخیں
بہ اعتبارِ اصناف

اردو ادب کی تاریخیں بہ اعتبار اصناف

(نظم)

اردو ادب میں مختلف زمانوں میں مختلف اصناف کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ اردو ادب کا مجموعی جائزہ اسوقت تک مکمل ہو ہی نہیں سکتا جب تک نثر و نظم کی مختلف اصناف کے ارتقا پر نظر نہ کی جائے۔ اسمیں شبہ نہیں کہ چند اصناف کے عروج و زوال کا جائزہ لینے کی بعض اہل قلم نے کوشش کی ہے۔ لیکن بہت سی اصناف ایسی ہیں جنکے بارے میں تفصیلی کام کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر دکن کے علاقوں میں جھولنے لکھے گئے ہیں۔ شمالی ہندوستان میں پہیلیاں لکھی گئی ہیں۔ ان کا جائزہ لینے کی ابھی تک کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ صرف چند مشہور اصناف تک اہل تحقیق نے اپنے مطالعہ کو محدود رکھا ہے۔

مثنوی اردو ادب کی سب سے قدیم صنف ہے۔ ۱۹۳۰ء میں جلال الدین جعفری نے "تاریخ مثنویات اردو" لکھی۔ ان کے بعد ۱۹۳۹ء میں عبدالقادر سروری نے "اردو مثنوی کا ارتقا" لکھی۔ اس موضوع سے متعلق یہ کتابیں بھی قابل ذکر ہیں۔ "اردو مثنوی کا ارتقا (شمالی ہند میں ۱۷۵۰ء سے ۱۹۵۰ء تک) از ڈاکٹر سید محمد عقیل رضوی، "اردو کی عشقیہ مثنویاں" از شہناز سلطانہ، "بیجاپور کی اردو مثنویاں" از قیوم صادق اور "اردو مثنوی شمالی ہند میں" ڈاکٹر گیان چند۔

اردو غزل پر ڈاکٹر یوسف حسین خاں نے "اردو غزل" کے نام سے ۱۹۲۹ء میں کتاب لکھی ان کے بعد ڈاکٹر عبدالاحد خاں خلیل نے ۱۹۶۱ء میں "اردو غزل کے پچاس سال" شائع کی۔ اسی غزل کے موضوع پر محمد اسلام نے

ستوونما" ڈاکٹر رفیق حسین، غزل اور مطالعۂ غزل ڈاکٹر عبادت بریلوی،

اور آزاد غزل کے موضوع پر "آزاد غزل" علیم صبا نویدی کی کتابیں اہم ہیں۔

اردو نظم کے موضوع پر ۱۹۵۰ء میں باقر آغا محمد نے "تاریخ نظم ونثر اردو"

لکھی۔ نئی نظم سے متاثر ہوکر ۱۹۷۲ء میں "نئی نظم کا سفر" ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی

نے لکھی۔ ان کے بعد ڈاکٹر وزیر آغا کی کتاب ۱۹۷۶ء میں "نظم جدید کی کروٹیں"

شائع ہوئی۔ اسی موضوع پر ڈاکٹر حنیف کیفی کی کتاب "اردو میں نظم معرّا اور آزاد نظم"

اور "اردو میں طویل نظم نگاری کی روایت اور ارتقا" از ڈاکٹر روشن اختر کاظمی

بھی اہم ہیں۔

اردو قصیدہ پر ۱۹۵۱ء میں مولوی حافظ سید جلال الدین جعفری کی

کتاب تاریخ "قصائد اردو" چھپی۔ اس کے بعد ۱۹۵۸ء میں ابو محمد سحر کی کتاب

"اردو میں قصیدہ نگاری" شائع ہوئی۔ ۱۹۷۳ء میں "اردو قصیدہ نگاری کا تنقیدی جائزہ"

ڈاکٹر محمود الٰہی نے اور ۱۹۸۲ء میں "اردو قصیدہ نگاری" ڈاکٹر اُمّ ہانی اشرف نے

لکھی۔

اردو مرثیہ پر غالباً سب سے پہلے توجہ سید سفارش حسین رضوی دی۔

انھوں نے ۱۹۵۹ء میں "اردو مرثیہ" (تاریخ مرثیہ) لکھی۔ ان کے بعد ۱۹۷۲ء میں

اسی نام سے سید علی عباس حسینی نے "اردو مرثیہ" لکھی۔ اسی موضوع پر پروفیسر

حامد حسن قادری کی کتاب "تاریخ مرثیہ گوئی" اور شجاعت علی کا "تعارف مرثیہ"

شائع ہوئی۔ ادوار کے اعتبار سے ۱۹۶۸ء میں پروفیسر مسیح الزماں کی کتاب

"اردو مرثیہ کا ارتقا (ابتداء سے انیس تک)" شائع ہوئی۔ اس کے بعد دیگر کتابیں بھی اسی موضوع پر لکھی گئی ہیں۔ علاقے کے لحاظ سے بھی مرثیہ کے موضوع پر کام ہوا "اودھ میں اردو مرثیہ کا ارتقا" از ڈاکٹر اکبر حیدری، "اردو مرثیہ کا ارتقا (بیجاپور اور گولکنڈہ میں) ڈاکٹر محمد چراغ علی اور "دکن میں مرثیہ اور عزاداری" ڈاکٹر رشید موسوی نے شائع کی ہیں۔

اردو شاعری میں منظر نگاری پر شاید پہلی بار کتاب ڈاکٹر سلام سندیلوی نے ۱۹۶۸ء میں "اردو شاعری میں منظر نگاری" شائع کی۔ اس مقالہ پر موصوف کو ۱۹۶۲ء میں لکھنؤ یونیورسٹی سے ڈی لٹ کی ڈگری ملی تھی۔

اردو شاعری میں (سانیٹ sonnet) سانیٹ کے موضوع پر پہلی بار ۱۹۷۵ء میں ڈاکٹر حنیف کیفی نے "اردو شاعری میں سانیٹ" لکھی۔

تمثیل نگاری کے موضوع پر بھی ۱۹۷۷ء میں ڈاکٹر منظر اعظمی نے "اردو میں تمثیل نگاری" لکھی۔

اردو گیت کے موضوع پر ۱۹۷۷ء میں غالباً پہلی بار ڈاکٹر قیصر جہاں کی کتاب "اردو گیت" شائع ہوئی۔

شہر آشوب کے موضوع پر ۱۹۷۹ء میں "شہر آشوب کا تحقیقی مطالعہ" ڈاکٹر نعیم احمد کی کتاب منظر عام پر آئی۔

اس کے علاوہ اردو کی مختلف اصناف پر مندرجہ ذیل کتابیں بھی قابل ذکر ہیں۔

"اردو میں نعتیہ شاعری" ڈاکٹر رفیع الدین اشفاق، "اردو میں منقبت نگاری"

احسن زیدی پاکستان، "اردو واسوخت کا مطالعہ" کامل قادری پاکستان،
"دکن میں ریختی کا ارتقا" بدیع حسینی اور "ریختی کا تنقیدی مطالعہ" ڈاکٹر
خلیل احمد وغیرہ وغیرہ۔

نام کتاب: اردو مثنوی کا ارتقاء

مصنف: عبدالقادر سروری

مطبوعہ: اسرار کریمی پریس الہ آباد

ناشر: ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ

پہلی اشاعت: ۱۹۳۹ء

دوسری ": ۱۹۶۸ء

تیسری ": ۱۹۷۵ء

صفحات: ۱۶۰

اس کتاب میں مثنوی کی ابتداء اور ارتقاء کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔
اس کے مشمولات مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) مثنوی کا مقام اصناف شعر میں۔ (۲) اردو مثنوی کے اولین نمونے۔
(۳) طویل مثنویاں۔ (۴) قدیم مثنویوں کا عروج۔
(۵) بیجاپور کی مثنویاں۔ (۶) گولکنڈہ کی مثنویاں۔
(۷) دکن میں مغلیہ عہد کی متصوفانہ مثنویاں۔ (۸) مثنوی اپنے عروج پر۔
(۹) دور متوسط کی ابتدائی مثنویاں۔ (۱۰) مثنوی جدید دور میں۔

نام مقالہ : اردو مثنوی کا ارتقاء (پی ایچ ڈی کا مقالہ)
(شمالی ہند میں ۱۷۵۰ء سے ۱۹۵۰ء تک)

مصنف : سید محمد عقیل رضوی۔

مطبوعہ : نشاط پریس ٹانڈہ ۸۹۱۵۲۳۱۰۹

ناشر : اترپردیش اردو اکادمی لکھنؤ ر۳۰۱م د

سن تکمیل مقالہ ۱۹۵۵ء **پہلا ایڈیشن** ۱۹۶۵ء
دوسرا ایڈیشن ۱۹۸۳ء

یہ مقالہ ۱۹۵۵ء میں مکمل ہوا تھا جس کو الہ آباد یونیورسٹی کی جانب سے ڈی فل ڈگری (پی ایچ ڈی) ملی اس کو پہلی بار ۱۹۶۵ء میں شائع کیا گیا۔ یہ مقالہ قدیم و جدید دبستان لکھنؤ کی مثنویاں اور مثنوی کے محاسن کی ترجمانی کرتا ہے۔

نام کتاب : اردو غزل

مصنف : ڈاکٹر یوسف حسین خاں

ناشر : دارالمصنفین اعظم گڑھ

پہلا ایڈیشن: ۱۹۲۹ء

جدید اشاعت: ۱۹۷۴ء

۱۷۵ **صفحات**

